پلینسبرو میں یونیورسٹی میڈیکل سنٹر آف پرنسٹن
پلینسبرو، نیو جرسی

عنوان: مالی اعانت کی پالیسی ("FAP")		**نگہداشت/ خدمت کا پہلو: پیشنٹ فائنانشیل سروسز**
جمع کردہ بذریعہ: کیرول برک ہیڈ، A/R مینیجر، پیشنٹ فائنانشیئل سروسز	**انتظامی منظوری:** ایگزیکیوٹو ڈائرکٹر، ریونیو سائیکل مینجمنٹ	**مؤثر تاریخ:** 1/1/2016
		نظرثانی کی اگلی تاریخ: 12/2016
تقسیم: ریونیو سائیکل کا رہنما	**کمیٹی کی منظوری:** ناقابل اطلاق	**جگہ لیتا ہے:** ناقابل اطلاق
		صفحہ 1 از 8

I. مقصد

یہ یقینی بنانا کہ پلینسبرو میں یونیورسٹی میڈیکل سنٹر آف پرنسٹن ("UMCP") اور اس کے ہسپتال کی سہولیات انٹرنل ریونیو سروس ریگولیشن 11-130266، انٹرنل ریونیو کوڈ سیکشن 501(r), N.J.A.C. 10:52 اور نیو جرسی بل ((S-1797/A-2609، پبلک لاء 2008، باب 60 میں بیان کردہ رہنما خطوط کے مطابق ہوں جو ایسے مریضوں کے لیے دستیاب مالی اعانت کے سلسلے میں ہیں جو لازمی ہنگامی اور دیگر طبی طور پر ضروری نگہداشت صحت کی خدمات حاصل کرتے ہیں۔

II. پالیسی

UMCP مالی اعانت کے دستیاب پروگراموں، اہلیت کے تقاضوں، مریضوں پر عائد کردہ رقوم کے حساب کتاب، مالی اعانت کے لیے درخواست دینے کے طریقے اور عدم ادائیگی کی صورت میں کیے جانے والے اقدامات کے سلسلے میں مریض کو اطلاع دہندگی کے معیار پر کاربند رہتا ہے۔ UMCP حسب مقدور نگہداشت سے متعلق ایکٹ اور اسٹیٹ چیریٹی کیئر کے سبھی رہنما خطوط پر کاربند رہتا ہے۔ UMCP غیر بیمہ شدہ ادا کردہ رقوم کی تحدیدات کے قانون (بل S-1797/A-2609) کے سلسلے میں نیو جرسی کے قانون پر کاربند رہتا ہے۔

UMCP لوگوں کی مالی اعانت کی اہلیت یا ادائیگی کرنے کی اہلیت سے قطع نظر انہیں ہنگامی طبی کیفیات کے لیے نگہداشت، بلا امتیاز، فراہم کرے گا۔ UMCP کی پالیسی یہ ہے کہ 1986 کے وفاقی ہنگامی طبی معالجہ اور فعال مزدور کے نقل و حمل سے متعلق ایکٹ برائے 1986 [Federal Emergency Medical Treatment and Active Labor Transport Act of 1986 ("EMTALA")] کے معیارات کی تعمیل کی جائے۔

یہ پالیسی ان خود مختار ٹھیکیداروں کو محیط نہیں ہے جو UMCP کے ہسپتال کی سہولت میں طبی لحاظ سے ضروری اور/یا ہنگامی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ان خود مختار ٹھیکیداروں کی ایک فہرست ("فراہم کنندہ کی فہرست") ضمیمہ A کے بطور اس FAP کے ساتھ منسلک ہے اور UMCPP کی ویب سائٹ: www.princetonhcs.org پر دستیاب ہے۔ فراہم کنندہ کی فہرست یہ صراحت کرتی ہے کہ کون سے فراہم کنندگان اس FAP کے تحت محیط ہیں اور کون نہیں ہیں۔ فراہم کنندہ کی فہرست پر تین مہینے پر نظرثانی کی جائے گی اور اگر ضرورت ہو تو اسے اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

III. طریقہ کار اور اہلیت کے تقاضے

UMCP کے مالی اعانت سے متعلق صلاحکار کے ذریعہ سبھی مریضوں کی اسکریننگ کرکے یہ تعین کیا جائے گا کہ آیا وہ FAP کی اہلیت کے تعین سے قبل بیمہ کے لیے اہل قرار پاتے ہیں۔ اس FAP کے تحت اہل افراد کے لیے دستیاب مالی اعانت کے پروگرام ذیل میں شامل کیے گئے ہیں۔

- **میڈیکیڈ؛**
- **نیوجرسی فیملی کیئر؛**
- **نیوجرسی ہسپتال میں نگہداشت کی ادائیگی میں اعانت کا پروگرام [نیو جرسی ہاسپٹل کیئر پیمنٹ اسسٹنس پروگرام ("چیریٹی کیئر")]؛**
- **نیوجرسی کی غیر بیمہ شدہ رعایت؛**
- **بچوں میں وبائی بیماری کے لیے ریلیف فنڈ:**
- **NJ جرم کے متاثرین کے لیے معاوضہ کا دفتر؛ یا**
- **عام طور پر جتنی رقم کا بل بھیجا جاتا ہے ("AGB")۔**

اہلیت کے تقاضے:

میڈیکیڈ

میڈیکیڈ لاکھوں امریکیوں، بشمول بچوں، حاملہ خواتین، والدین، بزرگوں اور معذور افراد کو ہیلتھ کوریج فراہم کرتا ہے۔ عام طور پر اس بینیفٹ پروگرام کے لیے، مریض کا ریاستہائے متحدہ کا شہری، قانونی حیثیت والا غیرملکی یا مستقل مکین ہونا ضروری ہے اور اس کی کم آمدنی ہو۔ اس کے علاوہ، مریض کا ریاست نیو جرسی کا مکین ہونا بھی ضروری ہے۔ نیو جرسی محکمۂ صحت کے توسط سے میڈیکیڈ کی متعدد قسمیں دستیاب ہیں۔ UMCP کے مالی صلاح کاران ہر ایک مریض کے حالات کی بنیاد پر اہلیت کا تعین کرنے میں مدد کریں گے۔

NJ فیملی کیئر

NJ فیملی کیئر نیو جرسی کا عوامی طور پر فنڈ یافتہ صحت بیمہ پروگرام ہے جس میں CHIP، میڈیکیڈ اور میڈیکیڈ ایکسپنشن پاپولیشنز شامل ہیں۔ NJ فیملی کیئر ایک وفاقی اور ریاستی فنڈ یافتہ صحت بیمہ پروگرام ہے جو اہل قرار یافتہ نیو جرسی کے کسی بھی عمر کے مکینوں کو حسب مقدور صحت بیمہ تک رسائی حاصل کرنے میں مدد کے لیے بنایا گیا ہے۔ NJ فیملی کیئر ان لوگوں کے لیے ہے جن کے پاس آجر کا بیمہ نہیں ہے۔

NJ فیملی کیئر کے لیے اہلیت کے خواہاں افراد کے لیے مالی اہلیت ان کے موڈیفائیڈ ایڈجسٹڈ گروس انکم یا MAGI پر مبنی ہوگی۔ فیملی کیئر کی اہلیت کے رہنما اصول ریاست نیو جرسی کے ذریعہ متعین کیے گئے ہیں اور وہ www.NJFamilyCare.org پر مل سکتے ہیں۔ کسی مریض کو صرف بارہ ماہ کے عرصے میں ہی NJ فیملی کیئر کے لیے اہل تصور کیا جا سکتا ہے۔

چیریٹی کیئر

چیریٹی کیئر کی اعانت مفت یا کم چارج والی نگہداشت ہے جو پوری ریاست نیو جرسی میں فوری نگہداشت والے ہسپتالوں میں داخلی مریض اور باہری مریض خدمات حاصل کرنے والے مریضوں کے لیے دستیاب ہے۔ چیریٹی کیئر کی رعایتیں NJAC

10:52، ضمنی ابواب 13 ,12 ,11 میں متعینہ ضوابط کے مطابق ہیں۔

چیریٹی کیئر نیوجرسی کے ایسے مکینوں کے لیے دستیاب ہے:

1. جن کے پاس صحت کا کوریج نہیں ہے یا ایسا کوریج ہے جو صرف بل کا کچھ حصہ ادا کرتا ہے؛

2. جو کسی نجی یا سرکاری کفالت یافتہ کوریج (جیسے میڈیکیڈ) کے اہل ہیں: اور

3. جو ذیل میں بیان کردہ آمدنی اور اثاثے کے معیار کی تکمیل کرتے ہیں۔

چیریٹی کیئر ان لوگوں کے لیے دستیاب ہے جو ریاستی یا وفاقی پروگراموں کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہیں۔

آمدنی کا معیار - ایسے مریض جن کی کنبہ جاتی مجموعی آمدنی وفاقی افلاس کے رہنما خطوط [Federal Poverty Guidelines ("FPG")] کے 200% پر یا اس کے برابر ہو وہ 100% چیریٹی کیئر کوریج کے لیے اہل ہیں۔ ایسے مریض جن کی کنبہ جاتی مجموعی آمدنی 200% سے زیادہ لیکن FPG کے 300% پر یا اس کے برابر ہے وہ چیریٹی کیئر پروگرام کے تحت رعایتی نگہداشت کے لیے اہل ہیں۔ مفت یا رعایتی چارجز کا تعین درج ذیل فیس شیڈیول سے کیا جاتا ہے:

HHS کی غربت والی آمدنی کے رہنما خطوط کے فیصد کے بطور آمدنی	**مریض کے ذریعہ ادا کردہ شرح میڈیکیڈ کا فیصد**
200% سے کم یا اس کے مساوی	0% میڈیکیڈ کی شرح
200% سے زیادہ لیکن 225% سے کم یا اس کے مساوی	20% میڈیکیڈ کی شرح
225% سے زیادہ لیکن 250% سے کم یا اس کے مساوی	40% میڈیکیڈ کی شرح
250% سے زیادہ لیکن 275% سے کم یا اس کے مساوی	60% میڈیکیڈ کی شرح
275% سے زیادہ لیکن 300% سے کم یا اس کے مساوی	80% میڈیکیڈ کی شرح
300% سے زیادہ	غیر بیمہ شدہ رعایت کی دستیاب شرح

اثاثوں کا معیار– اہل ہونے کے لیے خدمت کی تاریخ کو کسی مریض کے انفرادی اثاثے 7,500$ سے زائد نہیں ہو سکتے ہیں اور کنبہ جاتی اثاثے 15,000$ سے زائد نہیں ہو سکتے ہیں۔

چیریٹی کیئر نیوجرسی کے غیر مکینوں کو دستیاب ہو سکتا ہے، مخصوص التزامات کی شرط کے ساتھ (جیسے ہنگامی طبی کیفیات)۔

چیریٹی کیئر صرف ہنگامی یا طبی لحاظ سے لازمی ہسپتال کی نگہداشت کے لیے دستیاب ہے۔ کچھ خدمات جیسے فزیشن کی فیس، انیستھیسیولوجی کی فیس اور ریڈیولوجی کی مطلب بیانی ہسپتال کے چارجز سے الگ ہیں اور یہ تخفیف کے لیے اہل نہیں ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اس FAP کے سیکشن II میں بیان کردہ اور ضمیمہ A میں شامل فراہم کنندہ کی فہرست سے رجوع کریں۔

نیوجرسی کی غیر بیمہ شدہ رعایت

نیوجرسی کی غیر بیمہ شدہ رعایت (NJ کا قانون - بل S-1797/A-2609) ان غیر بیمہ شدہ مریضوں کے لیے دستیاب ہے جن کی کنبہ جاتی مجموعی آمدنی FPG کے 500% سے کم ہے۔ تاہم، UMCP نے آمدنی کی سطح یا رہائش سے قطع نظر سبھی غیر بیمہ شدہ مریضوں پر اسے لاگو کرنے کا انتخاب کیا ہے۔ UMCP سبھی غیر بیمہ شدہ افراد کو رعایتی شرحیں پیش کرتا ہے۔ اس پروگرام کے تحت، کسی مریض پر میڈیکیئر کے فیس شیڈیول کا زیادہ سے زیادہ 115% چارج کیا جائے گا۔ غیر بیمہ شدہ بلنگ کی تحدیدات NJ P.L.2008 c60 کے مطابق ہیں۔

بچوں میں وبائی بیماری کے لیے ریلیف فنڈ

بچوں میں وبائی بیماری کے لیے ریلیف فنڈ وبائی بیماری والے بچوں کے خاندانوں کو مالی اعانت فراہم کرتا ہے۔

اہل قرار پانے کے لیے ہسپتال کے اخراجات کا کنبہ جاتی مجموعی آمدنی سے 10% زائد، پلس $100,000 سے اوپر کسی فاضل آمدنی کا 15% ہونا ضروری ہے، طبی اخراجات کا بیمہ ہونے کے وقت بچے کی عمر 21 سال یا اس سے کم ہونا ضروری ہے اور اہل خانہ لازمی طور پر درخواست دینے کی تاریخ سے عین قبل والے 3 مہینے میں نیو جرسی میں رہے ہوں۔ اضافی معلومات درج ذیل ویب سائٹ پر مل سکتی ہے: www.state.nj.us/humanservices/cicrf/home.

نیو جرسی کا جرم کے متاثرین کے لیے معاوضہ کا دفتر

ریاست نیو جرسی نے بعض مجرمانہ اعمال کے نتیجے میں مخصوص طبی اخراجات سمیت، خسارے اور اخراجات کے مدنظر جرم کے متاثرین کو معاوضہ دینے کے لیے نیو جرسی کا جرم کے متاثرین کے لیے معاوضہ کا دفتر تشکیل دیا ہے۔

نیو جرسی کا جرم کے متاثرین کے لیے معاوضہ کا دفتر کا اہل ہونے کے لیے لازمی طور پر اس جرم کا ارتکاب نیو جرسی میں ہوا ہو یا ریاست سے باہر جرم کا شکار ہوئے نیو جرسی کے مکین سے متعلق ہو، متاثرہ فرد نے 9 مہینے کے اندر پولیس کو جرم کی رپورٹ دی ہو اور متاثرہ فرد نے جرم کی تفتیش اور مواخذہ میں لازمی طور پر تعاون کیا ہو۔ جرم کی تاریخ سے 3 سال کے اندر دعوی دائر کر دیا گیا ہو اور مریض بے قصور ہی جرم کا شکار ہو گیا ہو۔ اضافی معلومات درج ذیل ویب سائٹ پر مل سکتی ہے: www.nj.gov/oag/njvictims/index.html.

عام طور پر بھیجے جانے والے بل کی رقم[Amount Generally Billed (AGB)]

داخلی ضابطۂ محصول 501(r)(5)§ کے مطابق، ہنگامی یا طبی لحاظ سے ضروری دیگر نگہداشت کے معاملے میں، FAP کے اہل مریضوں پر اس طرح کی نگہداشت پر محیط بیمہ رکھنے والے کسی فرد سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا۔

اس FAP کے تحت اعانت کے لیے اہل سبھی مریض اس چھوٹ کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ اس میں غیر بیمہ شدہ مریض اور زیر بیمہ مریض صرف اس صورت میں شامل ہیں جب ان کی کنبہ جاتی مجموعی آمدنی 200% سے زیادہ لیکن FPG کے 300% پر یا اس کے برابر ہو۔

IV. <u>مریضوں پر عائد کردہ رقوم کا حساب کتاب</u>

UMCP نے اپنے AGB کے فیصد کا حساب کرنے کے لیے ماضی پر غور کرنے کا طریقہ (Look-Back Method) اختیار کیا ہے۔ اس AGB کے فیصد کا حساب ہر سال خدمت کے لیے میڈیکیئر کی فیس کے ذریعہ اجازت یافتہ سبھی دعووں + 12 ماہ کے عرصے تک نجی صحت بیمہ دہندگان کی بنیاد پر کیا جاتا ہے، جس کو ان دعووں کے ساتھ وابستہ مجموعی چارجز سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

AGB کے فیصد اور اس فیصد کا حساب جس طریقے سے کیا گیا تھا اس پر مشتمل اضافی معلومات درخواست کرنے پر دستیاب ہے۔

کوئی بھی فرد جس کے FAP کا اہل ہونے کا تعین کیا گیا ہو اس پر داخلی ضابطہ محصول 501(r)(5)§ کے بموجب ہنگامی یا طبی لحاظ سے ضروری نگہداشت صحت کی دیگر خدمات کے لیے AGB سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا۔ AGB کا قابل اطلاق % مجموعی چارج پر AGB کا تعین کرنے کے لیے لاگو ہوگا۔

FAP کے اہل کسی بھی فرد پر ہمیشہ AGB سے کم یا اس FAP کے تحت دستیاب کسی رعایتی شرح سے چارج کیا جائے گا۔

V. مالی اعانت کیلئے درخواست دینے کا طریقہ

UMCP مالی اعانت کے لیے اہل مریضوں کے لیے دستیاب مالی اعانت کے پروگراموں کے مریض کی اطلاع دہندگی کے تقاضوں پر کاربند رہتا ہے۔

سبھی غیربیمہ شدہ افراد، آمدنی کی سطح یا رہائش کی حیثیت سے قطع نظر، نیو جرسی کی غیر بیمہ شدہ رعایت کے لیے اہل ہیں۔

محصول کے دور میں کسی بھی وقت چیریٹی کیئر کی درخواست دی جا سکتی ہے اور مالی ضرورت کا تعین کیا جا سکتا ہے۔ اہلیت خدمت کی تاریخ سے ہوتی ہے اور اہلیت کی طوالت موصولہ چیریٹی کی قسم پر مبنی ہوتی ہے۔ چیریٹی کیئر کے لیے اہلیت کا معیار پورا کرنے والے مریضوں کے لیے ایک مکمل کردہ درخواست جمع کرانا ضروری ہے۔ مکمل کردہ درخواست میں مطلوبہ دستاویزی شہادت شامل ہونا ضروری ہے جیسا کہ UMCP کے تقاضے کی فہرست میں مندرج ہے جو ایک علاحدہ دستاویز ہے اور درخواست کرنے پر دستیاب ہے اور UMCP کی ویب سائٹ: www.princetonhcs.org پر شامل کی گئی ہے۔

مطلوبہ دستاویزی شہادت لازمی طور پر ایک مکمل کردہ نیو جرسی ہسپتال میں نگہداشت میں اعانت کا پروگرام کی درخواست برائے شرکت کنندہ ("درخواست") کے ساتھ جمع کرانا ضروری ہے۔

کوئی درخواست دہندہ یا ذمہ دار فریق خدمت کی تاریخ سے ایک سال (365 دن) تک یا ڈسچارج کے بعد بلنگ کے پہلے اسٹیٹمنٹ کی تاریخ سے 240 دن تک کسی بھی وقت؛ جو بھی زیادہ ہو، چیریٹی کیئر یا کم چارج والے چیریٹی کیئر کے تعین کے لیے ایک مکمل کردہ درخواست جمع کروا سکتا ہے۔

مالی اعانت کا تعین ممکنہ حد تک جلد سے جلد کیا جائے گا؛ مکمل درخواست موصول ہونے کی تاریخ سے 10 کاروباری دنوں کے اندر تحریری شکل میں درخواست دہندہ کو مطلع کیا جائے گا۔ اگر درخواست کے ساتھ FAP کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے کافی حد تک دستاویزی شہادت شامل نہیں کی جاتی ہے تو، درخواست کو نامکمل مانا جائے گا۔ اگر کوئی نامکمل درخواست موصول ہوتی ہے تو، درخواست دہندہ کو 10 کاروباری دنوں کے اندر مطلع کیا جائے گا۔ اس تحریری اطلاع میں اضافی معلومات اور/یا FAP کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے درکار دستاویزی شہادت کا ذکر ہوگا، نیز اس میں UMCP کا سادہ زبان میں خلاصہ [Plain Language Summary (“PLS”)] کی ایک کاپی بھی شامل ہوگی جس پر FAP کے سیکشن VI میں گفتگو کی گئی ہے۔ مریضوں کو وقت کا معقول عرصہ دیا جائے گا؛ اضافی مطلوبہ دستاویزی شہادت فراہم کرنے کے لیے 30 دن۔ اس کے علاوہ، UMCP یا ان کی جانب سے کام کر رہے کوئی تیسرے فریق اس وقت کے دوران ادائیگیاں حاصل کرنے کے لیے وصولی کی غیر معمولی کارروائیاں (“ECAs”)، جو اس FAP کے سیکشن VII میں بیان کی گئی ہیں، تب تک موقوف کر دیں گے جب تک FAP کی اہلیت کا تعین نہ ہو جائے۔ چیریٹی کیئر کے مسترد کردہ درخواست دہندگان کو انکار کی وجوہات سے تحریری شکل میں مطلع کیا جائے گا اور انہیں اس FAP کے تحت دستیاب دیگر رعایتوں کی دستیابی سے باخبر کیا جائے گا۔

درخواست اور محکمہ کے رابطے کی معلومات UMCPP کی ویب سائٹ (http://www.princetonhcs.org) پر دستیاب ہے یا بذریعہ ڈاک، بذات خود مل کر یا مالی صلاح کار کے ساتھ ایک اپائنٹمنٹ طے کرکے طلب کی جا سکتی ہے۔

بذریعہ ڈاک درخواست طلب کرنے یا مالی صلاح کار کے ساتھ ایک اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے مریض 853-7852 (609) پر کال کر سکتا ہے۔

کاغذی نقول UMCPP کی پیشنٹ ایکسس سروسز سے بلا معاوضہ حاصل کی جا سکتی ہیں، جس کا پتہ یوں ہے:

University Medical Center of Princeton
One Plainsboro Road
Plainsboro, NJ 08536

پیشنٹ ایکسس سروسز سنٹرز آف کیئر میں ہی ایٹریم کے قریب واقع ہے۔ کام کرنے کے اوقات پیر تا جمعہ صبح 7:30 بجے تا شام 4:00 بجے ہیں۔

مکمل کردہ درخواستیں (بشمول مطلوبہ دستاویزی شہادت) اس پتے پر بذریعہ ڈاک بھیجی جائیں یا بذات خود حوالے کی جائیں:

University Medical Center of Princeton
Patient Access Services, Financial Counselor
One Plainsboro Road, Office # T1144
Plainsboro, NJ 08536

مریض کے ذریعہ مکمل کردہ درخواست جمع کرا دیے جانے پر، UMCP:

1. اس فرد کے خلاف کسی ECAs کو موقوف کر دے گا (UMCP کی جانب سے کام کر رہے کوئی تیسرے فریق بھی اختیار کردہ ECAs کو موقوف کر دیں گے)؛
2. بروقت انداز میں FAP کی اہلیت کا تعین کر کے اسے درج کرے گا؛ اور
3. ذمہ دار فریق یا فرد کو تعین سے اور تعین کے اسباب کی بابت تحریری شکل میں مطلع کرے گا۔

اگر کسی مریض کو FAP کا اہل تصور کیا جاتا ہے تو UMCP:

1. ایک بلنگ اسٹیٹمنٹ فراہم کرے گا جس میں FAP کے اہل فرد کی بقایا رقم، اس رقم کا تعین کس طریقے سے کیا گیا تھا اور AGB پر مشتمل معلومات کس طریقے سے حاصل کی جا سکتی ہے اس کا ذکر ہوگا؛
2. فرد کے ذریعہ کی گئی کوئی فاضل ادائیگیاں واپس کرے گا؛ اور
3. قرض وصول کرنے کے لیے مریض کے خلاف اختیار کردہ کسی ECAs کی تلافی کرنے کے لیے سبھی معقول دستیاب اقدامات کرنے کے لیے UMCP کی جانب سے کام کر رہے فریقوں کے ساتھ کام کرے گا۔

VI. <u>FAP، درخواست اور PLS کی وسیع پیمانے پر تشہیر کرنے کے اقدامات</u>

UMCP نے اس FAP کا ایک PLS بنایا ہے۔ PLS ایک تحریری بیان ہوتا ہے جو کسی فرد کو یہ اطلاع دیتا ہے کہ ہسپتال کی سہولت FAP کے تحت مالی اعانت پیش کرتی ہے اور اضافی معلومات ایسی زبان میں فراہم کرتی ہے جو صریحی، مختصر اور سمجھنے میں آسان ہوتی ہے۔

جہاں UMCP کے بنیادی سروس ایریا کی بنیادی زبان کے 5% یا 1,000 افراد؛ جو بھی کم ہو، کی نمائندگی کرتی ہو۔
UMCP کا FAP، درخواست اور PLS انگریزی میں اور انگریزی کی محدود مہارت رکھنے والی اس آبادی کی بنیادی زبان میں دستیاب ہیں جو UMCP کے بنیادی سروس ایریا کی بنیادی زبان والے 1,000 افراد سے کم یا 5% پر مشتمل ہو۔ اس کے علاوہ، UMCP زبان میں ترجمانی اور ترجمے کی خدمات فراہم کرتا ہے، اور والدین کو بینائی، گویائی، سماعت یا ادراکی نقص کے بارے میں ایسے انداز میں مطلع کرتا ہے جو والدین کی ضروریات کی تکمیل کرتے ہوں۔

FAP، درخواست اور PLS یہ سبھی UMCPP کی ویب سائٹ پر شائع کی گئی ہیں: http://www.princetonhcs.org، اور درخواست کرنے پر بلامعاوضہ دستیاب ہیں۔ کاغذی نقول پورے ہسپتال میں متعدد حصوں میں بھی دستیاب ہیں، جس میں ہنگامی محکمہ اور داخلہ/رجسٹریشن کے محکمے بھی شامل ہیں۔

مالی اعانت کی فراہمی کے بارے میں ہمارے مریضوں کو مطلع کرنے کے لیے نشانات اور ڈسپلے ایمرجنسی رومز اور داخلہ/رجسٹریشن کے محکموں میں شائع کیے گئے ہیں۔ یہ علامات انگریزی اور ہسپانوی میں آویزاں گئے ہیں۔

سبھی مریضوں کو بھرتی کرنے اور چھٹی دینے کے حصے کے طور پر PLS کی ایک کاپی پیش کی جائے گی۔

سبھی پروگراموں کی دستیابی بلنگ اسٹیٹمنٹس پر موجود رہتی ہے۔ ہر ایک بلنگ اسٹیٹمنٹ واضح تحریری نوٹس پر مشتمل ہوتا ہے جو وصول کنندہ کو مالی اعانت کی دستیابی کے بارے میں بتاتا ہے۔ اسٹیٹمنٹ میں ایک ویب سائٹ بھی درج ہوتی ہے جس پر کوئی فرد FAP، درخواست اور PLS کی نقول حاصل کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ، اس میں ایک ٹیلیفون نمبر بھی شامل ہوتا ہے جس پر مریض مالی اعانت کی دستیابی اور درخواست کی کارروائی کے سلسلے میں خود کو سوالات درپیش ہونے پر کال کر سکتے ہیں۔

یہ یقینی بنانے کی کوشش میں کہ UMCP کی زیر خدمت کمیونٹی اس FAP کے تحت دستیاب مالی اعانت کے پروگراموں سے واقف ہے، UMCP اپنے کمیونٹی ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کے توسط سے کمیونٹی میں معلومات مہیا کرتا ہے۔

VII. <u>بلنگ اور وصولی</u>

مریض کے لیے مالی خدمات [Patient Financial Services (“PFS”)] کا محکمہ سبھی وفاقی، ریاستی، مقامی اور PFS کے قیاسی ٹھیکہ جاتی ضوابط اور معیارات پر کاربند رہے گا تاکہ مناسب اور قانونی اعمال کو یقینی بنایا جائے۔ یہ درج ذیل پر محیط ہے لیکن انہیں تک محدود نہیں ہے:

1. بلنگ کے طریق کار، بیمہ اور داخلی مریض دونوں؛
2. وصولیابی، ڈوبا ہوا قرض اور میڈیکیئر کا ڈوبا ہوا قرض دونوں؛
3. ڈوبے ہوئے قرض کی وصولیابی، "مستقل" ڈوبا ہوا قرض اور میڈیکیر کا ڈوبا ہوا قرض دونوں؛ اور
4. تحفظ یافتہ معلومات صحت [Protected Health Information (“PHI”)] کی رازداری اور سیکیورٹی کی دیکھ بھال۔

UMCP کسی ایسی کارروائی میں شامل نہیں ہوگا جس کی وجہ سے ہنگامی طبی نگہداشت حاصل کرنے سے افراد کی حوصلہ شکنی ہوتی ہو، جیسے ہنگامی طبی کیفیات کے لیے معالجہ موصول ہونے سے پہلے ہنگامی محکمہ کے مریضوں سے ادائیگی کا مطالبہ کرکے یا ہنگامی محکموں میں یا دیگر ایسے شعبوں میں قرضہ وصولی کی سرگرمیوں کی اجازت دے کر جہاں اس طرح کی سرگرمیوں سے غیر امتیازی بنیاد پر ہنگامی نگہداشت کی فراہمی میں خلل پڑ سکتا ہو۔

UMCP اپنے ہنگامی محکموں اور اپنے میٹرنیٹی کلینکس میں مریضوں کے لیے قیاسی اہلیت کے تعین کو بروئے کار لاتا ہے۔ اگر کسی مریض کو قیاسی طور پر اس FAP کے تحت بیشتر فراخدلانہ تعاون سے کم کے لیے اہل ہونے کا تعین کیا گیا تو، UMCP قیاسی مالی اعانت کی اہلیت کے تعین کے لیے بنیاد کے سلسلے میں، اور وہ مزید فراخدلانہ تعاون کے لیے کس طرح درخواست دے سکتے ہیں اس بارے میں مریض کو، تحریری طور پر، مطلع کرے گا۔ ان واقعات میں PLS کی ایک کاپی بھی فراہم کرائی جائے گی۔

UMCP "اطلاع کا عرصہ" ختم ہونے سے پہلے داخلی ضابطۂ محصول 6((r)501§ کے ذریعہ بیان کردہ کسی ECAs میں مشغول نہیں ہوگا۔ اطلاع کا عرصہ 120 دن کا عرصہ کے بطور بتایا گیا ہے، جو ڈسچارج کے بعد بلنگ کے پہلے اسٹیٹمنٹ کی تاریخ کو شروع ہوتا ہے، جس میں مریض کے خلاف کوئی بھی ECAs شروع نہیں کیا جا سکتا ہے۔

اطلاع کے عرصہ کے بعد UMCP یا ان کی جان سے کام کر رہے تیسرے فریق کسی غیر ادا شدہ بیلنس کے لیے مریض کے خلاف درج ذیل ECAs شروع کر سکتے ہیں اگر مریض نے مالی اعانت کے لیے درخواست نہ دی ہو یا وہ اس کے لیے نا اہل ہو:

1. کنزیومر کریڈٹ رپورٹنگ ایجنسیوں یا کریڈٹ بیوروز کو افراد کے بارے میں ناموافق معلومات کی رپورٹ دینا؛
2. کسی فرد کی املاک پر حق دعوی دائر کر دینا؛
3. کسی فرد کی غیر منقولہ املاک پر تالہ بندی؛
4. کسی فرد کے خلاف دیوانی کارروائی شروع کر دینا؛ اور
5. کسی فرد کا جسمانی وابستگی کے حکم امتناعی کے مستوجب ہونے کا باعث بننا۔

UMCP تیسرے فریقوں کو اطلاع کے عرصہ کے بعد مریض کے نادہندہ اکاؤنٹس پر ECAs شروع کرنے کی اجازت دے سکتا ہے۔ UMCP یقینی بنائے گا کہ اس امر کا تعین کرنے کے لیے معقول کوششیں کی گئی ہیں کہ آیا کوئی فرد اس FAP کے تحت مالی اعانت کا اہل ہے۔ UMCP کوئی بھی ECA شروع کرنے سے کم از کم 30 دن پہلے درج ذیل کارروائیاں اختیار کرے گا:

1. مریض کو تحریری اطلاع فراہم کر دی گئی ہے:

   a. جس سے پتہ چلتا ہے کہ مالی اعانت اہل مریضوں کے لیے دستیاب ہے؛
   b. جو ان ECAs کی نشاندہی کرتا ہے جس کو نگہداشت کی ادائیگی حاصل کرنے لیے شروع کرنے کا UMCP کا ارادہ ہے؛ اور
   c. جو ایک آخری تاریخ بتاتا ہے جس کے بعد اس طرح کے ECAs شروع کیے جا سکتے ہیں۔

2. مریض کو اس تحریری اطلاع کے ساتھ PLS کی ایک کاپی موصول ہو گئی ہے؛ اور

3. افراد کو FAP کے بارے میں اور مالی اعانت کی درخواست کی کارروائی میں کوئی فرد کس طرح اعانت حاصل کر سکتا ہے اس بارے میں زبانی طور پر مطلع کرنے کے لیے معقول کوششیں کی گئی ہیں۔